SECP

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

**June 2, 2017**

***For Immediate Release***

**چیئرمین ایس ای سی پی نے شکایات کے ازالہ کے جدید نظام کا افتتاح کردیا**

اسلام آباد(۲جون) چیئرمین سکیورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان ظفر حجازی نے عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کرنے اور ایس ای سی پی اور ریگولیٹڈاداروں کے متعلق شکایات کے آسان اندراج اور جلداز جلدازالہ کے لئے ایس ای سی پی میں ایک جدید سروس ڈیسک مینجمنٹ سسٹم کا افتتاح کردیاہے۔ اس جدید نظام کے ذریعے شکایت کنندگان نہ صرف تیز ترین طریقے سے شکایت کا اندراج کرواسکیں گے۔شکایات کا اندراج کروانے والے کوایک خاص نمبر جاری کیاجائے گا جواس کے موبائل فون پر بھیجاجاتاہے۔اس نمبر کواستعمال کرتے ہوئے شکایت کنندہ اپنی درخواست یاشکایت پر عمل درآمد کا سٹیٹس بھی چیک کرسکتاہے۔ اس سسٹم کوموبائل فون کے ذریعے بھی استعمال کیاجاسکتاہے۔

اس کے ساتھ،ایس ای سی پی نے اپناٹول فری نمبر 0800-880-08 بھی جاری کردیاہے جس پر مفت فون کرکے معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں اور شکایات بھی درج کروائی جاسکتی ہیں۔ ایس ای سی پی کاٹول فری نمبر نئے جدید سروس ڈیسک مینجمنٹ سسٹم کے ساتھ منسلک ہے جو رابطہ کرنے والے کومعلومات کے حصول یاشکایت کے اندراج کے لئے انگریزی اور اردو میں رہنمائی بھی فراہم کرتاہے۔ایس ای سی پی کے کمپلینٹ پورٹل پرایک وڈیوبھی دی گئی ہے جوکہ سرمایہ کاروں اور شکایت کنندگان کواس کے استعمال بارے میں رہنمائی فراہم کرتی ہے جبکہ ایس ای سی پی کے ہر ایک محکمہ سے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات اوران کے تفصیلی جواب بھی دئے گئے ہیں۔

عوام کی شکایات پر عمل درآمد کویقینی بنانے کے لئے اس سسٹم خودکار طریقے سے کام کرے گااور معلومات حاصل کرنے کی کوئی بھی درخواست یاشکایات خودبخود متعلقہ محکمہ کے افسر کوموصول ہوجائے گی اوراس شکایت پر کارروائی کاوقت بھی ریکارڈ کیاجائے گا۔ایس ای سی پی کی سنئیر مینجمنٹ کسی بھی وقت کسی شکایات پر عمل دآمد کی کارکردگی کوجانچ سکیں گے۔ ظفر حجازی نے کہاہے کہ شکایات کے اندراج کانیاسسٹم ادارے کی عوام دوست پالیسیوں کا مظہر ہے۔انہوں نے افسران کوہدایت کی کہ ایس ای سی پی سے رابطہ کرنے والوں کوزیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کریں اوران کی شکایات کاجلداز جلد ازالہ کریں تاکہ ان کاادارے پراعتماد بڑھے۔